28 اگست 2017ء

نیویارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف فنانشل سروسز کی جانب سے حبیب بینک لمیٹڈ نیویارک برانچ پر سول پینالٹی عائد کیے جانے کا امکان

حبیب بینک لمیٹڈ نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو مطلع کیا ہے کہ اس کی نیویارک برانچ کو نیویارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف فنانشل سروسز (این وائی ڈی ایف ایس) کی طرف سے سماعت کا نوٹس ملا ہے جس میں ایچ بی ایل نیویارک پر سول مانیٹری پینالٹی عائد کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔

ایچ بی ایل نے آگاہ کیا ہے کہ اس نے این وائی ڈی ایف ایس کے اس سپروائزری اقدام کے خلاف اپنا دفاع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان ان واقعات سے باخبر ہے اور صورت حال کا بغور جائزہ لے رہا ہے اور یہ سمجھتا ہے کہ ایچ بی ایل کے آپریشنز اور پاکستان کی بینکاری صنعت کو کوئی فوری خطرات لاحق نہیں۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان ڈپازٹرز کے مفادات کا تحفظ کرنے اور ملک کے بینکاری نظام کے تحفظ وصحت کو یقینی بنانے کے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔

***